نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں فصلات کی جنیاتی ایڈیٹنگ کے قومی پروگرام کی افتتاحی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں جینوم ایڈیٹنگ کا قومی سینٹر اہم زرعی فصلات اور پھلوں کی پیداوار میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ انہیں مزید صحت افزاء بنانے اور شیلف لائف بڑھانے میں بھی کلیدی کردار ادا کرے گا۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور06اگست 2021: زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں 1 ارب 79 کروڑ روپے مالیت سے قائم ہونے والا جینوم ایڈیٹنگ کا قومی سینٹر اہم زرعی فصلات اور پھلوں کی پیداوار میں نہ صرف اضافہ کرے گا بلکہ ان کی شیلف لائف بڑھانے میں بھی مدد ملے گی جس سے فصلوں کے بعداز برداشت ہونے والے نقصانات میں کمی واقع ہوگی ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں فصلات اور انسانی صحت میں بہتری کیلئے جینوم ایڈیٹنگ کے تین سالہ قومی پروگرام کے آغاز کے موقع پر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ حکومت زراعت کو پھر سے ایک پرکشش اور منافع بخش کاروبار بنانے کیلئے اقدامات کر رہی ہے اور اس حوالے سے کسان کارڈ کے اجراء کے ساتھ ساتھ اس کی زرعی اجناس کی مناسب قیمت پر فروخت بھی یقینی بنائی جا رہی ہے۔حسین جہانیاں گردیزی نے کہا کہ بدقسمتی سے ہماری زرعی تحقیقات ماضی کی حکومتوں کی پالیسی کے باعث جمود کا شکار رہیں لیکن موجودہ حکومت کی طرف زرعی تعلیم وتحقیق سے وابستہ اداروں کی سرپرستی کی جارہی ہے جس کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔چند دہائیاں قبل تک چین نے دنیا بھر کی ٹیکنالوجی کو اپنے ملک میں ٹرانسفر کر کے اس کی ریورس انجینئرنگ میں مہارت حاصل کر کے اپنی قوم کو اختراعات کیلئے تیار کیا اور آج وہ دنیا بھر کو اپنی نئی ٹیکنالوجی متعارف کروا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آج سیاسی استحکام کے ساتھ ساتھ باصلاحیت سائنس دان بھی موجود ہیں لہٰذا اہداف کے حصول کیلئے بہترین کمبی نیشن کی موجودگی کامیابی سے ضرور ہمکنار کرے گی۔وزیر زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ بارانی زرعی یونیورسٹی میں بائیوٹیکنالوجی کا قومی سنٹر بنایا گیا ہے جو جلد ہی اپنی سرگرمیوں کا آغاز کر دے گا جس سے زرعی اجناس کی ویلیو ایڈیشن اور پراسیسنگ کا عمل رواج پائے گا۔اس ضمن میں موجودہ حکومت کاشتکاروں کی خوشحالی اور زرعی ترقی کے حصول کیلئے فنڈز فیاضانہ طور پر فراہم کر رہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ مالی سال 22-2021 کے بجٹ میں 31.47 ارب روپے کی خطیر رقم مختص کی گئی ہے جس سے زرعی ترقیاتی منصوبہ جات کو پایہ تکمیل پر پہنچایا جائے گا۔تقریب کے دوران سنٹر فار ایکسیلینس کے جملہ سٹاف ممبران میں تنخواہوں کی ادائیگی کے چیکس سمیت یونیورسٹی میں زیر تعلیم سپیشل طلبہ میں وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم سے دو درجن لیپ ٹاپ اور ضلع فیصل آباد

سے منتخب 30 کسانوں میں کسان کارڈ بھی تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں پاکستان کونسل فار سائنٹفک وانڈسٹریل ریسرچ (پی سی ایس آئی آر) کے چیئرمین ڈاکٹر سید حسین عابدی نے مہمان اعزاز کے طور پر شرکت کی جبکہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان خاں، ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) عبدالحمید اور، ترقی پسند کاشتکار آفاق ٹوانہ کے علاوہ طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

☆☆☆☆